الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name	:> **AFTAB ALAM KHAN**	Serial No	:> **9928**
Address	:> **Islamabad**	Fatwa No	:>
Subject	:> **AQAID**	Date	:> **10/9/2010**
Writer	:> **طارق حسین عاشق**	Email	:>

ASSALAM O ALAIKUM

Allah pak moulana Amin sahib ko jannat tul firdos ma aalaa maqam atta farmae.
janaza ke namaz k baad dafan sy pehly dua mangny ke kiya haisiyat hy.
or ahlee hadees kehty hyn k bukhari k elawa sab hadees zaaef hyn mehrabani kr k mare rehnumae karyn mehrabani kr k apne hifazat karyn qun k dusman ka aik kutta marta hy or hamara aik heera hamy chorh k chala jata hy

جنازہ کی نماز کے بعد دفن سے پہلے دعا مانگنے کی کیا حیثیت ہے؟ اور اہل حدیث کہتے ہیں کہ بخاری کے علاوہ سب احادیث ضعیف ہیں۔ مہربانی کر کے میری رہنمائی کریں۔

الجواب حامدا و مصليا

فی نفسہ نماز جنازہ میت کیلیئے خود ایک دعا ہے۔ اس کے بعد مستقلاً دعا کرنا شرعاً ثابت نہیں ہے۔ لہذا اس سے احتراز لازم ہے۔

كما فی خلاصة الفتاوی: لا يقوم بالدعاء بعد صلوة الجنازة۔ و ايضاً: و لا يقوم بالدعاء فی قرائة القران لاجل الميت بعد صلوة الجنائز و قبلها۔ (ج:۱ ص:۲۲۵)

و فی الفتاوی البزازية: لا يقوم بالدعاء بعد صلوة الجنائز لانه دعا مرة لان اكثرها دعاء۔ (ج:٤ ص:۸۰)

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ صحیح بخاری کے علاوہ سب احادیث ضعیف ہیں یہ انکی علم حدیث سے ناواقفیت کی علامت ہے۔ کیونکہ صحیح احادیث صرف صحیح بخاری میں منحصر نہیں بلکہ اس کے علاوہ دیگر کتب احادیث میں احادیث صحیحہ موجود ہیں۔ جیسا کہ امام بخاریؒ نے خود تصریح کی ہے کہ میں نے بہت سی صحیح احادیث کو طوالت کے خوف سے چھوڑ دیا ہے۔

كما فی مقدمة فتح الباری: قال ابو احمد بن عدی سمعت الحسن بن حسين البزار يقول سمعت ابراهيم بن معقل النسفی يقول سمعت البخاری يقول: (ما ادخلت فی كتابی الجامع الا ما صح و تركت من الصحيح حتى لا يطول)۔ (ج:۱ ص:۷) والله اعلم بالصواب

طارق حسین عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۳ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۳ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۳ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۵ محرم ۱۴۳۲ھ

12/1/11

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیۃ ۹۹۲۸